ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پرانڈر 19 کرکٹر زابو حریرہ اور زین بن فاروق پر جرمانہ عائد

لاہور، 27 اکتوبر 2019ء:

قومی انڈر 19 ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کےمیچ میں نامناسب زبان کا استعمال کرنےپر سنٹرل پنجاب کے کرکٹرز ابو حریرہ اور زین بن فاروق پر میچ فیس کا 50،50فیصد جرمانہ عائد کردیا گیا۔ سنٹرل پنجاب کے انڈر 19 کرکٹرز کورانا نوید کرکٹ اکیڈمی شیخوپورہ میں ناردرن کے خلاف میچ میں پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ برائے کھلاڑی اور اسپورٹ اسٹاف کے قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لیول 2 جرم کے مرتکب پایا گیا۔

بدھ کے روزکھیلے گئے میچ میں آن فیلڈ امپائرز قیصر خان اور وقار احمد نے دونوں کھلاڑیوں کوکھیل کی ساکھ کو نقصان پہنچانے سے متعلق پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.21 کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا۔

اعتراف جرم کرنے پر میچ ریفری انعام اللہ نےسنٹرل پنجاب انڈر 19 کرکٹ ٹیم کے دونوں کھلاڑیوں پر جرمانہ عائد کردیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk